ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (640)

01-12-2021

**بہاول پور() تھانہ سٹی حاصل پور کی پولیس چوکی محمد شاہ رنگیلا میں ملزم کو بند رکھنے کا معاملہ،ڈی پی او محمد فیصل کامران کا نوٹس، چوکی انچارج سمیت تمام عملے کو معطل کرنے کے علاوہ ایس ڈی پی او سرکل حاصل پور سے وضاحت طلب، ایس ایچ او کو شوکاز نوٹس جاری، قانون سب کے لیے برابر ہے، احکامات پر عمل نا کرنے والے افسران کی سختی سے باز پرس ہوگی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاول پور محمد فیصل کامران۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ضلع کے تمام افسران کو ملزمان کی حراست کے حوالے سے واضح گائیڈ لائنز جاری کی ہوئی ہیں کہ وہ ملزمان کو صرف تھانہ کی حوالات میں بند رکھیں گے تاکہ کسی بھی قانون شکنی کی صورت میں حوالات میں لگے سی سی ٹی وی کیمرہ جات سے مدد لی جا سکے۔ تھانہ سٹی حاصل پور کی پولیس چوکی محمد شاہ رنگیلا میں ملزم کو چوکی میں زیر حراست رکھنے کے معاملہ پر ڈی پی او نے نوٹس لیتے ہوئے انچارج چوکی محمد ریاض اے ایس آئی، کانسٹیبلان محمد کاشف، شاہد، شہزاد گل ڈرائیور عبدالحمید اور محمد حفیظ کو معطل کر کے پولیس لائن رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ سرکل آفیسر حاصل پور جمشید اختر سے وضاحت طلب کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ سٹی حاصل پور نوید عابد کو شوکاز نوٹس جاری کیا۔ گزشتہ سے پیوستہ رات تھانہ سٹی حاصل پور کی پولیس چوکی محمد شاہ رنگیلا میں ملزم محمد ندیم جو کہ سابقہ ریکارڈ یافتہ اور مجرم اشتہاری کو اس کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈ کے سلسلہ میں زیر حراست رکھا گیا، جبکہ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ملزمان کو تھانہ کی حوالات میں بند کرنے کے حوالے سے واضح ہدایات جاری کی ہوئی ہیں۔ چوکی محمد شاہ رنگیلا کے افسران نے احکامات پر عمل درآمد نا کرتے ہوئے ملزم کو تھانہ کی بجائے چوکی میں زیر حراست رکھا۔ جس پر ڈی پی او نے اس معاملہ کا نوٹس لیتے ہوئے چوکی کے تمام عملے کو معطل کر کے محکمانہ کارروائی کا آغاز کر دیا۔ چوکی کو بند کر کے تمام ریکارڈ اور گاڑی کو تھانہ سٹی حاصل پور منتقل کرنے کی ہدایت بھی جاری کر دیں۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس حوالے سے پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ تھانہ کی حوالات کے علاوہ چوکیوں پر ملزمان کو بند کرنے پر متعلقہ افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مزید برآں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے ضلع بھر میں آپریشنل پولیس چوکیوں پر فرنٹ ڈیسک قائم کرنے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں، جن پر کام جاری ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (641)

01-12-2021

**بہاول پور() انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز، متعدد ملزمان گرفتار، منشیات برآمد، مقدمات درج۔ گداگری ایک لعنت ہے، اس کاروبار میں ملوث گروہوں کو بے نقاب کیا جائے گا، منشیات فروشوں اور بھکاریوں کے خلاف شروع کیا گیا آپریشن جاری رہے گا، جرائم کے ساتھ ساتھ معاشرتی برائیوں پر بھی قابو پایا جا رہا ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کی پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کے حوالے سے جاری کردہ احکامات کے پیش نظر ڈسٹرکٹ پولیس بہاول پور کی پیشہ ور بھکاریوں کے علاوہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس تھانہ کوتوالی، بغدادالجدید اور عنایتی نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان محمد زاہد، محمد شعبان اور احمد شہزاد کو گرفتار کرلیا۔ شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پولیس تھانہ کینٹ اور مسافرخانہ نے ملزمان ابرار حسین، محمد اقبال، محمد خادم اور شاکر کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضہ سے 95 لیٹر شراب برآمد کی۔ جبکہ تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے منشیات فروش ملزم محمد دلشاد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 400 گرام چرس برآمد کر لی۔ متعلقہ تھانہ جات نے گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ آئی جی پنجاب کی پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کی گرفتاری کے حوالے سے مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے اور یہ مہم تسلسل کے ساتھ جاری رہے گی، ایسے جرائم میں ملوث عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، شہری ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کیلئے پولیس کا ساتھ دینے کے علاوہ پکار 15 یا متعلقہ پولیس کو اطلاع دیں۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: آئی جی پنجاب کی ہدایت پر پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن، ملزمان گرفتار، مقدمات درج۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((642

01-12-2021

**بہاول پور() پولیس تھانہ سٹی یزمان کی کامیاب کارروائی، سرقہ بالجبر کے سنگین مقدمات میں ملوث بین الاضلاعی حمزہ مصطفی گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار، 02 لاکھ روپے سے زائد مالیتی مال مسروقہ اور زیر سواری موٹر سائیکل 125 بھی برآمد، ملزمان سے مزید اینٹروگیشن جاری، دوران واردات میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ بھی برآمد، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور جرائم پر قابو پانا ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی "عوام خدمت پالیسی" کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی قیادت اور کامیاب پولیسنگ کے تحت نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ سٹی یزمان پولیس کی کامیاب کارروائی، ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان کی سربراہی میں تفتیشی افسران معہ ملازمان پر مشتمل ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیتے ہوئے شب روز کی محنت سے سرقہ بالجبر کے متعدد مقدمات میں ملوث بین الاضلاعی حمزہ مصطفی گینگ کے سرغنہ کو 03 ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں حمزہ مصطفی، محمد یسین، مبشر علی اور محمد عمران شامل ہیں، گینگ نا صرف بہاول پور بلکہ خانیوال پولیس کو مطلوب ہے، ملزمان نے دوران اینٹروگیشن تھانہ سٹی یزمان میں سرقہ بالجبر کے متعدد مقدمات میں ملوث ہونے کا اعتراف بھی کیا، جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ 02 پسٹل 30 بور بھی برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ ملزمان سے مزید اینٹروگیشن جاری ہے اور اہم انکشافات متوقع ہیں، ملزمان کی نشاندہی پر زیر سواری موٹر سائیکل 125 سمیت 02 لاکھ 12 ہزار روپے سے زائد کا مال مسروقہ کے ساتھ موبائل فونز برآمد کر لیے، بازیافتہ مال مسروقہ کو قانونی طریقہ کار کے بعد اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ بلاشبہ تھانہ سٹی یزمان پولیس کی یہ ایک اہم کارروائی ہے، بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کر رہی ہے، اگر کوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کو ٹریس کرنا اور شہریوں کا لوٹا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک اہم ٹاسک ہوتا ہے جس کو تھانہ سٹی یزمان پولیس نے بخوبی نبھایا ہے، ڈی پی او نے سٹی یزمان پولیس کی کارکردگی کو سراہا اور مستقبل میں بھی ایسی کارروائیاں کرنے کے لیے ضلع بہاول پور کے تمام ایس ایچ اوز کو ٹاسک دیئے ہیں۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: پولیس تھانہ سٹی یزمان کی کامیاب کارروائی، سرقہ بالجبر کے سنگین مقدمات میں ملوث بین الاضلاعی حمزہ مصطفی گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار

02 لاکھ روپے سے زائد مالیتی مال مسروقہ اور زیر سواری موٹر سائیکل 125 بھی برآمد، ملزمان سے مزید اینٹروگیشن جاری،